ہے۔حقیقت یہ ہے غیر مسنون اعمال وہ قوت نہیں رکھتے جو مسنون عمل قوت رکھتے ہیں۔اس لیے کہ اس میں سنت کی نورانیت بھی شامل ہوئی ہے۔''آپ کی مرادیں کیسے پوری ہوں؟'' پریشان حال بندوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔''

''عالمات وخواتین کے لیے گلدستہ نصیحت''

مصنف: مفتی محمد شعیب۔صفحات:۱۰۶۔دورنگا طباعت۔قیمت: لکھی نہیں۔ملنے کا پتہ: مدرسہ سودہ للبنات میرٹھ سوسائٹی گلشن معمار، کراچی۔فون: 0300.2402609

دین نصیحت اور خیر خواہی کا نام ہے۔معاشرے کا ہر فرد خیر خواہی کا محتاج ہے۔زیر نظر کتابچہ خصوصیت کے ساتھ عالمات اور عام خواتین کے لیے تصنیف کیا گیا ہے۔مصنف کے مطابق طالبات جب تک مدرسہ میں پڑھتی رہتی ہیں اور دین کا ماحول ہوتا ہے تو ان کے لیے گناہوں سے بچنا آسان ہوتا ہے۔البتہ جب فارغ ہو جاتی ہیں تو چوں کہ مدرسہ والا ماحول نہیں ہوتا اور گھریلو زندگی شروع ہو جاتی ہے تو وہ کیفیت نہیں رہتی جو مدرسہ میں ہوتی ہے۔یہ کتاب اس طور ترتیب دیا گیا ہے کہ خواتین اس کا مسلسل مطالعہ رکھیں تو کافی فائدہ ہوگا۔ذرا عنوانات پر نظر ڈالیں: زندگی کو پرسکون بنانے کے کچھ اصول۔اچھی تاویل کرنے کی عادت ڈالیں۔غلطی تسلیم کرنے کی عادت ڈالیں۔احسان نہ جتلائیں۔حسد اور اس کا علاج۔آداب المعاشرۃ۔زبان کی حفاظت۔سب کی محبت حاصل کرنے کا طریقہ۔کیا آپ کو اولاد کی فکر ہے؟ گھروں کا نظام۔ پڑھائی سے فراغت کے بعد غیر شادی شدہ کے لیے نظام الاوقات۔شادی شدہ کے لیے نظام الاوقات......وغیرہ۔مجموعی طور پر کتاب کے مشمولات لائق توجہ ہیں۔آغاز میں شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تقریظ بھی شامل ہے۔

تسہیل الابواب (ابواب مع تعلیلات)

تالیف: حضرت مولانا سیف الرحمن مدظلہم۔صفحات: 674، طباعت: مناسب۔ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، شاہ رکن عالم کالونی سوفٹی روڈ ملتان۔فون: 0300.7345151

یہ کتاب خطہ ملتان کے معروف استاذ النحو والصرف حضرت مولانا سیف الرحمن دامت برکاتہم العالیہ کے برس ہا برس کا تدریسی نچوڑ ہے۔حضرت دامت برکاتہم نے عزیز طلبہ کے لیے مشکل سے مشکل صرفی صیغوں، گردانوں، تعلیلات اور ان کے قواعد کو نہایت آسان پیرائے میں جمع فرمادیا ہے۔اولیٰ اور ثانیہ کے طلبہ جو اکثر قوانین صرف کو پوری طرح سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں اس مجموعے کی صورت میں ایک شاہ کلید ان کے ہاتھ آ گئی ہے۔آسان ایسی ہے کہ محنت سے جی چرانے والے طلبہ بھی اس کتاب کی دستیابی کے بعد ضرور محنت پر راغب ہوں گے۔☆☆